4920CH24

# کیے جاؤ کوشش

دُکاں بند کرکے رہا بیٹھ جو    تو دی اُس نے بالکل ہی لٹیا ڈُبو
نہ بیٹھو کبھی چھوڑ کر کام کو    تَوَقُّع تو ہے خَیر جو ہو، سو ہو
کیے جاؤ کوشش مرے دوستو

جو پتّھر پہ پانی پڑے مُتَّصِل    تو بے شُبہ گھِس جائے پتّھر کی سِل
رہوگے اگر تم یوں ہی مُستَقِل    تو اک دن نتیجہ بھی جائے گا مِل
کیے جاؤ کوشش مرے دوستو

یہ مانا کہ مشکل بہت ہے سبق    بُرا ہے مگر اِضطِراب اور قلَق
دوبارہ پڑھو پھر پڑھو ہر ورق    پڑھے جاؤ جب تک ہے باقی رمق
کیے جاؤ کوشش مرے دوستو

اگر طاق میں تم نے رکھ دی کتاب    تو کیا دوگے کل، امتحاں میں جواب
نہ پڑھنے سے بہتر ہے پڑھنا جناب    کہ ہوجاؤگے ایک دن کام یاب
کیے جاؤ کوشش مرے دوستو

نہ تم ہچکچاؤ نہ ہرگز ڈرو    جہاں تک بنے کام پورا کرو
مَشَقَّت اُٹھاؤ مُصیبَت بھَرو    طَلَب میں جِیو، جُستُجُو میں مرو
کیے جاؤ کوشش مرے دوستو

جو بازی میں سَبقَت نہ لے جاؤ تم    خبردار ! ہرگز نہ گھَبراؤ تم
نہ ٹھِٹکو نہ جِھجکو نہ پَچھتاؤ تم    ذرا صَبر کو کام فرماؤ تم
کیے جاؤ کوشش مرے دوستو

© NCERT not to be republished

مُقابِل میں خَم ٹھوک کر آؤ ہاں      پچھڑنے سے ڈرتے نہیں پَہلواں
کرو پاس تم صَبر کا اِمتحاں      نہ جائے گی محنت کبھی رائِگاں

کیے جاؤ کوشش مرے دوستو

زِیاں میں بھی ہے فائدہ کُچھ نہ کُچھ      تمھیں مِل رہے گا صِلہ کُچھ نہ کُچھ
ہر ایک دَرد کی ہے دوا کُچھ نہ کُچھ      کبھی تو لگے گا پتا کُچھ نہ کُچھ

کیے جاؤ کوشش مرے دوستو

تَرَدُّد کو آنے نہ دو اپنے پاس      ہے بِے ہودہ خوف اور بے جا ہَراس
رکھو دِل کو مَضبوط قائم حَواس      کبھی کام یابی کی چھوڑو نہ آس

کیے جاؤ کوشش مرے دوستو

اسمٰعیلؔ میرٹھی

## سوالوں کے جواب لکھیے

1. 'تَوَقُّع تو ہے خَیر جو ہو، سو ہو' نظم کے پہلے بند کے اس مصرعے میں شاعر کیا بات کہنا چاہتا ہے؟
2. نظم کے مرکزی خیال پر روشنی ڈالیے۔
3. آخری بند کا مطلب لکھیے۔